سبق:8



# تفریق (گھٹاؤ) کریں گے



کوّا پانی پینے کی امید میں ایک ایک کنکری لے کر گھڑے میں ڈال رہا تھا۔اسی دوران اس کی نظر ایک تھیلی پر پڑی۔اس نے سوچا،ایک ایک کنکری لے کر گھڑے میں ڈالنے سے دیر ہوگی۔تھیلی میں زیادہ کنکریاں لے کر ڈالنے سے پانی جلد اوپر اٹھ آیے گا۔اس نے بلا تاخیر جلدی جلدی ایک ہی بار میں ۷۱/عدد کنکری لے کر گھڑے کے منہ میں انڈیل دیا۔تھیلی کی ساری کنکریاں گھڑے میں نہ گریں اور ۵کنکریاں باہر گرگئیں۔اس سے کوّے کو بہت دکھ ہوا۔



کتنی کنکری گھڑے کے اندر گری؟ اس نے ذرا سوچا۔ الّو یہ سب دیکھ رہا تھا۔

اس نے سوچا بیوقوف کوّا گھٹاؤ کر کے ہی معلوم کر سکے گا۔

اب آپ کہیے:

☆ کوّا تھیلی میں کتنی کنکریاں لایا تھا؟

☆ کتنی کنکری گھڑے کے باہر گری؟

☆ کتنی کنکری گھڑے کے اندر گری؟

استاد کے لیے ہدایت: مذاکرہ کرتے وقت یہی سوالات پوچھیں اور حقیقی کنکری لاکر تفریق کس طرح کیا جاتا ہے بتائیں اور طلبہ کو خوب سمجھائیں۔

آیئے دیکھیں گے گھڑے کے اندر کس طرح کنکری گری تھی۔ ان کی تعداد کیا تھی معلوم کیا جایئے گا۔



تھیلی میں کنکری تھی ۱۷/عدد = ۱/دس ۷/ایک

گھڑے سے باہر گری ہوئی کنکری ۵/عدد = ۵ ایک

پہلا قدم: (اکائی کے گھر کے ہندسوں کا گھٹاؤ)

۱۷/کا اکائی پر ۷/کا ہندسہ ہے۔

گھٹائے جانے والے عدد کی اکائی کے گھر میں ۵ کا ہندسہ ہے۔

اس لیے ۷/ایک سے ۵/ایک جانے سے ۲/ایک بچا۔

دوسرا قسم: (دہائی کے گھر کے ہندسوں کا گھٹاؤ)

اسی طرح ۱۷/کی دہائی کے گھر میں ۱/کا ہندسہ ہے۔

۵/کی دہائی کے گھر میں کچھ نہیں ہے۔

اس لیے ۱۷/کی دہائی کے گھر کے ہندسے میں سے کچھ گھٹایا نہیں گیا۔


دہائی کے گھر کا حاصل تفریق ہوا ۱/

آخیر میں حاصل تفریق ملا = ۱/دس ۲/ایک یا ۱۲/

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۱ | ۷ |
| - | ۵ |
| | ۲ |

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۱ | ۷ |
| - | ۵ |
| ۱ | ۲ |

☆تمہاری امی نے اپنی باڑی کے درخت سے کچھ آم توڑ کر رکھے تھے۔ ایک دن انھوں نے دیکھا کہ اس میں سے ۱۵/عدد آم سڑ گیے ہیں۔تو بتائیے کتنے آم اچھے ہیں؟



| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| امی کے رکھے ہوئے آموں کی تعداد | = | = | دس | | ایک |
| سڑ کر نقصان ہوئے آموں کی تعداد | = | = | دس | | ایک |
| اچھے آموں کی تعداد | = | = | دس | | ایک |

ہمیں معلوم ہوا کہ تفریق کرتے وقت پہلے اکائی کے گھر کے ہندسوں کی تفریق کی جاتی ہے۔اس کے بعد دہائی کے گھر والے ہندسوں کی تفریق کرتے ہیں۔

استاد کے لیے ہدایت: اسی طرح زیادہ سے زیادہ مثال دے کر طلبہ کو عملی تفریق کی عادت ڈالیں گے۔ زیادہ مشق کرنے کے بعد دل ہی دل میں گھٹاؤ کرنے کی قابلیت بڑھے گی۔



ایک بوڑھی خالہ ۳۲/عدد کیلے ٹوکری میں لے کر بازار سے واپس ہو رہی تھی۔گرمی سے اس کو تھکان لگنے پر وہ درخت کے نیچے ٹوکری رکھ کر آرام کرنے لگی۔ بیٹھتے ہی اسے نیند آ گئی۔اسی دوران ایک بندر نے آ کر ٹوکری سے کیلے کھانا چاہا۔آہٹ سے بوڑھی نیند سے جاگ گئی۔

یہ دیکھ کر بندر نے ۱۵/عدد کیلوں کا ایک گچھا لے کر درخت پر چھلانگ لگا دیا۔ اب آپ کہیے بوڑھی خالہ کتنے عدد کیلے لے کر گھر واپس ہوئی ہوگی؟



ٹوکری میں رکھے کیلوں کی تعداد = ۳۲

بندر لے گیے کیلوں کی تعداد = ۱۵

۳۲/کی اکائی کی جگہ کا ہندسہ کتنا؟

۱۵/کی اکائی کے گھر کا ہندسہ کتنا؟

۲/ایک سے ۵/ایک کا گھٹاؤ نہیں ہوگا تو کیا کرنا ہوگا؟

دہائی کے گھر سے ۱/دس ادھار لیں گے اور اکائی کے گھر کے ہندسہ میں ملائیں گے۔

۱/دس اور ۲/ایک =۱۰ ایک اور ۲/ایک =.........ایک

اب ۱۲/ایک سے ۵/ایک گھٹانے سے = ۵/ایک-۱۲/ایک =.......ایک

۳۲/کی دہائی کے گھر موجود ۳/ سے ۱/دہائی کو پہلے سے اکائی کے گھر پر لیا گیا ہے۔

اس لیے وہاں باقی بچا ۲/دس۔ ۲/دس سے ۱/دس گھٹانے سے ۱/دس-۲/دس =.......دس

اس کو کس طرح لکھیں گے:

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۲ | ۱۲ |
| ۳ | ۲ |
| - ۱ | ۵ |
| = ۱ | ۷ |
| = ۱۷ | |

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| ۲ | ۱۰ |
| ۳ | ۲ |
| - ۱ | ۵ |
| | |

| دہائی | اکائی |
|---|---|
| | |
| ۳ | ۲ |
| - ۱ | ۵ |
| | |



مثال : عائشہ تمہاری طرح دوسرے درجہ (کلاس) میں پڑھتی ہے۔ ایک بار اس کے ابّو نے اس سے پوچھا تمہارے درجہ میں کتنے لڑکے ہیں؟ اس درجہ میں کل ۴۵/ بچوں میں سے ۳۲/ لڑکیاں ہیں۔

حل: درجہ میں کل بچوں کی تعداد = ☐ بچے = ☐ ایک ☐ دس

لڑکیوں کی تعداد ☐ بچے = ☐ ایک ☐ دس

لڑکوں کی تعداد ☐ بچے = ☐ ایک ☐ دس

اس درجہ میں لڑکیوں کی تعداد.........ہے۔

## عملی مشق

1۔(i) ۱۴ − ۲ = ............... (ii) ۱۷ − ۴ = ............... (iii) ۲۶ − ۵ = ...............

(iv) ۳۸ − ۶ = ............... (v) ۵۴ − ۴ = ............... (vi) ۸۹ − ۷ = ...............

2۔(i) ۱۴ − ۱۲ = ............... (ii) ۱۹ − ۱۳ = ............... (iii) ۲۷ − ۱۷ = ...............

3۔ تفریق کرکے جواب لکھیے۔

| (i) | (ii) | (iii) |
|---|---|---|
| ۱۱ | ۱۶ | ۲۷ |
| − ۷ | − ۹ | − ۱۹ |
| ............... | ............... | ............... |

| (iv) | (v) | (vi) |
|---|---|---|
| ۳۵ | ۵۰ | ۷۲ |
| − ۱۸ | − ۱۵ | − ۳۳ |
| ............... | ............... | ............... |

4۔ خالی جگہوں کو بھریئے:

(i) ۲۰، ۱۸، ۱۶، ۱۴، ۱۲، .......، .........

(ii) ۲۴، ۲۱، ۱۸، ۱۵، ۱۲، .......، .........

(iii) ۴۵، ۴۰، ۳۵، .......، .........، ..........

(iv) ۸۰، ۷۰، ۶۰، .......، .........، ..........

5۔ قلم کے ساتھ کیپ کو ملائیے۔

| حصہ "الف" | حصہ "ب" |
|---|---|
| ۴۱ | ۴۹ − ۲ |
| ۸۰ | ۵۷ − ۵ |
| ۳۲ | ۸۹ − ۹ |
| ۴۷ | ۶۳ − ۳۱ |
| ۴۲ | ۸۴ − ۴۲ |
| ۵۲ | ۷۷ − ۳۶ |


4۔ کس بلّا کی کون سی گیند:


| بلّا | گیند |
| --- | --- |
| ۹۲ − ۳۵ | ۵۲ |
| ۹۵ − ۶۸ | ۱۵ |
| ۸۱ − ۲۹ | ۵۷ |
| ۶۰ − ۴۵ | ۴۹ |
| ۸۵ − ۳۶ | ۲۷ |


5۔ ایک دن کرکٹ کھیل میں ہرن، خرگوش زراف، گیدڑ اور بندر کھیلتے تھے۔
دو اننگس میں کیا گیا ہر ایک کی رن کو کارڈ میں لکھا گیا تھا۔ بندر کھیل ہار گیا۔
وہ بہت غصہ ہو گیا۔ غصہ سے کچھ جگہ رگڑ کر مٹا دیا۔ آؤ وہاں کیا لکھا تھا لکھ دیں۔





8۔دکھائے گیے نقشہ کی طرح خالی گھروں کو بھریئے۔

| - | ۷۴ | ۶۷ | ۴۰ | ۳۲ | ۷۷ | ۴۱ | ۵۸ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | ۶۷ | | | | | | ۵۱ |
| ۶ | | | | | | ۳۵ | |
| ۸ | | | | | | | |
| ۹ | | | | | | | |
| ۵ | | | | | | | |
| ۳ | | | | | | | |
| ۴ | | | | | | | |

9۔کس کی ٹوپی کون سی، لکیر کھینچ کر دکھایئے۔






۳۲ – ۱۴

۴۳ – ۲۸

۵۷ – ۱۹

۶۵ – ۳۷

۸۷ – ۲۹

| | |
|---|---|
| ۲ | ۳ |
| ۵ | ۶ |

10۔ کسی دو گھروں کے ہندسوں کو لے کر دو ہندسے کا عدد بنائیے۔
سب سے بڑے عدد سے سب سے چھوٹے عدد کو گھٹائیے۔



11۔ ایک درخت میں ۴۵/عدد ناریل تھے۔ ۸/عدد ناریل گر گیے۔
اس درخت میں اور کتنے ناریل لگے رہے۔

حل: درخت میں ناریل تھے = ☐ عدد
گر گیے = ☐ عدد
درخت میں ناریل رہے = ☐ عدد



12۔ ایک درجہ (کلاس) میں ۴۲/بچے پڑھتے ہیں۔
بارش ہونے کی وجہ سے ۲۹/بچے آیے تھے۔
اس دن کتنے بچے اسکول نہیں آیے تھے۔

حل: درجہ میں بچوں کی تعداد = ☐ عدد
آنے والے بچوں کی تعداد = ☐ عدد
نہ آنے والے بچوں کی تعداد = ☐ − ☐ = ☐
اس دن ☐ بچے اسکول نہیں آیے تھے۔

13۔ دل ہی دل میں حساب کر کے جواب کہیے اور بعد میں بائیں طرف لکھیے۔

(i) رانی کے پاس ۱۵/عدد بیر تھے۔ محسن اس میں سے ۴/عدد بیر کھا گیا۔
رانی کے پاس اور کتنے بیر رہے۔

(ii) تلسی کی عمر ۳۴/سال اور مادھوری کی عمر ۳۹/سال ہے۔
مادھوری تلسی سے کتنے سال کی بڑی ہے؟

(iii) امی نے ۱۴/روٹیاں بنائیں تھیں۔آپ نے اس میں سے ۶/روٹیاں کھالیں۔
اور کتنی روٹیاں بچیں ؟

(iv) ایک مچھیرے کے پاس ۴۲/عدد مچھلیاں تھیں اس میں سے کچھ مچھلیاں بک گئیں۔
اور آخر میں ۲۵/مچھلیاں بچ گئیں۔تو بتائیے کتنی عدد مچھلیاں فروخت ہوئیں ؟

(v) ایک بیلون والے کے پاس ۳۳/عدد بیلون تھے۔اس میں سے ۷/عدد بیلون پھٹ گیے۔
اور کتنے عدد بیلون سالم رہے؟

(vi) دیوالی کے دن تمہارے گھر کے صحن میں ۴۷/عدد موم بتیاں چل رہی تھیں۔آخر میں دیکھا گیا
۲۵/عدد موم بتیاں جل رہی ہیں۔تو کتنی عدد موم بتیاں بجھ گئی تھیں؟

(vii) ایک انڈے والے کے پاس ۲۰/عدد انڈے تھے۔اس میں سے ۱۰/عدد انڈے بک گیے۔
تو کتنے انڈے اور بچے؟

14۔ جوڑ یا گھٹاؤ میں سے کون سا کام کرنا پڑے گا لکھیے۔

(i) ایک بس میں کچھ مسافر تھے۔اس میں سے کچھ عورتیں تھیں تو بتائیے کتنے مرد تھے؟

(ii) سروج کے پاس کچھ کتابیں تھیں اور مدن کے پاس اس سے کچھ زیادہ کتابیں تھیں
تو مدن کے پاس کتنی کتابیں تھیں؟

(iii) روپا کے پاس کچھ چاکلیٹ تھے۔اس میں سے اس کے بھائی نے کچھ کھالیا۔
تو بتائیے اس کے پاس اور کتنا بچا؟

(iv) کتب خانہ میں کچھ کہانی کی کتاب تھی۔پھر اور کچھ کتاب خرید کر لائی گئی۔
تو وہاں کل کتنے عدد کتابیں ہوئیں؟



استاد کے لیے ہدایت: زبانی سوالوں کا جواب دیتے وقت بچے کاپی اور پنسل کی مدد نہیں لیں گے۔
جواب معلوم کرنے کے لیے بچے کون سا طریقہ اپنایے اسے وہ خود سمجھا سکتے ہوں گے۔